رہے گا۔ اجتماعی گناہوں کی یہی خاصیت ہے کہ ان کی وجہ سے افراد کے لیے انفرادی طور پر انعزار کی حالت پیدا ہو جاتی ہے، مگر اجتماعی طور پر پوری جماعت گناہ گار قرار پاتی ہے۔

مزدوروں کی ہڑتالوں میں جماعت اسلامی کی پالیسی

سوال: آج کل ملک میں ہڑتالوں کا دور دورہ ہے۔ ہم لوگ جو جماعت اسلامی سے وابستہ ہیں اور محنت پیشہ طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں، ایسے موقع پر کیا روش اختیار کریں جبکہ ہمارے کارخانے یا محکمے میں ہڑتال ہو؟

جواب: اس معاملہ میں سردست ہماری پالیسی یہ ہے کہ جو مزدور یا محنت پیشہ لوگ ہمارے مسلک سے متاثر ہوں وہ ہڑتال کے زمانہ میں کام پر تو نہ جائیں لیکن ہڑتالیوں کے ہنگاموں سے بھی الگ تھلگ رہیں۔ نیز جن مطالبات کے لیے ہڑتال کی گئی ہو ان کے متعلق یہ رائے قائم کریں کہ آیا وہ منصفانہ ہیں یا غیر منصفانہ۔ اگر منصفانہ ہوں تو پُرامن اور معقول طریقہ سے ان کو تسلیم کرانے میں حصہ لیں مگر کسی فساد اور جھگڑے میں حصہ نہ لیں۔ اور اگر وہ غیر منصفانہ ہوں تو اپنے ہم پیشہ ہڑتالیوں سے صاف کہہ دیں کہ ہم تمھارے خلاف کام پر تو نہیں جائیں گے لیکن ہم تمھارے مطالبات کو انصاف پر نہیں سمجھتے۔ اور اگر ان کا کوئی حصہ منصفانہ اور کوئی حصہ غیر منصفانہ ہو تو ہڑتالیوں اور مستاجر (Employer) دونوں کو مطلع کر دیں کہ ہم ان مطالبات کے اتنے حصہ سے اتفاق اور اتنے حصہ سے اختلاف رکھتے ہیں۔ علاوہ بریں جن ہڑتالوں میں سوشلزم کے نظریات کارفرما ہوں ان کے متعلق صاف صاف اس بات کا اظہار کریں کہ ہم ان نظریات میں اپنی اور دوسرے انسانوں کی فلاح نہیں پاتے۔

ضروری اعلان

جلد خریداروں کے پتے چھپوائے جا رہے ہیں اس لیے گزارش ہے کہ جو خریدار محسوس کرتے ہیں کہ ان کے پتے غلط یا مشکوک تحریر کیے جاتے ہیں وہ یہ اعلان دیکھتے ہی اپنا پتہ مع خریداری نمبر صاف لکھ کر دفتر میں ارسال فرما دیں۔

جن حضرات کے پتے انگریزی میں لکھے جانے ضروری ہوں وہ اپنے پتے انگریزی میں مع نمبر خریداری BLOCK LETTERS میں دفتر کو تحریر فرمائیں۔

"منیجر"